11553-فوت شدہ عورت کے پیٹ سے بچہ نکالنے کا حکم

سوال

جب حاملہ عورت فوت ہوجائے اورڈاکٹر یہ فیصلہ کریں کہ پیٹ میں بچہ ابھی تک زندہ ہے توکیا بچہ نکالنے کے لیے اپریشن کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

جب عورت فوت ہو
جائے اوراس کے پیٹ میں بچہ ہوتواکثراورغالب طورپر توبچہ بھی ماں کے ساتھ ہی
مرجاتا ہے، اوراگرباقی بھی رہے توبہت کم مدت اور لحظہ تک زندہ رہتا ہے.

لیکن اگر ہم فرض کرلیں کہ یہ صحیح
ہواور پیٹ چاک کرکے بچہ کوزندہ بچانا ممکن ہوتوحنابلہ کا فیصلہ یہ ہے کہ جب یہ
ثابت ہوجائے کہ ماں کے پیٹ سے بچہ زندہ نکالا جاسکتا ہے تو پیٹ چاک کرنے میں کوئی
حرج نہیں ہے.

وہ کہتے ہیں: اس کے پیٹ کا اپریشن کر
کے بچہ زندہ نکال لیا جائے گا، اورپھراس کے پیٹ کوسی کردفن کردیا جائے گا.